© rasailojaraid.com



# الاستاذ عبد الفتاح ابو غدة حفظہ اللہ تعالیٰ کی لندن تشریف آوری

عالم اسلام کے ممتاز محدث اور شام کی اخوان المسلمون کے سربراہ الاستاذ عبد الفتاح ابو غدة حفظہ اللہ تعالیٰ گزشتہ دنوں اپنے اہل خانہ کے ہمراہ امریکہ سے سعودی عرب واپس جاتے ہوئے چند روز کے لیے لندن میں ٹھہرے۔ الاستاذ ابو غدة شام کی نصیری حکومت کے مظالم کے خلاف علماء اہل سنت کی صبر آزما جدوجہد کے قائد ہیں اور کافی عرصہ سے ریاض میں جلا وطنی کی زندگی گزار رہے ہیں' لندن میں مختلف حضرات سے ملاقاتوں کے علاوہ انہوں نے آکسفورڈ سنٹر فلد اسلامک اسٹڈیز کا معائنہ کیا اور سنٹر کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر فرحان احمد نظامی سے متعدد امور پر بات چیت کی۔ ورلڈ اسلامک فورم کے راہ نماؤں مولانا زاہد الراشدی اور مولانا محمد عیسیٰ منصوری نے بھی ان سے ملاقات کی' اس موقع پر مولانا زاہد الراشدی نے الاستاذ ابو غدة مدظلہ کو "الادب المفرد للبخاری" کی ابتدائی چند احادیث سنا کر شرف تلمذ حاصل کیا اور حضرت شیخ نے انہیں اپنی اسناد کے ساتھ روایت حدیث کی اجازت عامہ مرحمت فرمائی' یاد رہے کہ الاستاذ ابو غدة عالم عرب کے نامور محدث الشیخ محمد زاہد الکوثری رحمہ اللہ تعالیٰ کے جانشین اور دو واسطوں سے علامہ ابن عابدین شامیؒ کے شاگرد ہیں۔ لندن میں چند روزہ قیام کے بعد الاستاذ ابو غدة سعودی عرب روانہ ہوئے تو ہیتھرو ایئرپورٹ پر مولانا زاہد الراشدی' مولانا محمد عیسیٰ منصوری اور مولانا محمد اکرم ندوی نے انہیں رخصت کیا۔

© rasailojaraid.com